ضروب الامثال سے بھرا پڑا ہے۔ ولی احمد خاں صاحب نے کئی سال کی محنت کے بعد ان سب کو ایک کتاب میں حروف تہجی کے اعتبار سے جمع کر دیا ہے۔ ترتیب کی صورت یہ ہے کہ ہر صفحہ میں چار کالم ہیں۔ پہلے کالم میں محاورہ، دوسرے میں اس کے معنی اور تشریح۔ تیسرے کالم میں وہ شعر جس میں محاورہ آیا ہے اور پھر آخر کالم میں شاعر کے اس دیوان کا حوالہ ہے جس سے وہ شعر لیا گیا ہے۔ اس طرح ۴۴۶۴ اشعار اور ان کے محاورات مع تشریحات کے یکجا ہوگئے ہیں۔ شروع میں داغ مرحوم کی شاعری اور حالات پر ایک مختصر مگر سنجیدہ مقدمہ بھی ہے۔ لائق مرتب کی یہ ادبی خدمت بے شبہ لائق وسزاوار آفریں ہے۔ امید ہے زبان کا ذوق رکھنے والے حضرات اس کی قدر کریں گے۔

ہم اور وہ از خواجہ محمد شفیع تقطیع کلاں ضخامت ۸۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عہ گرد پوش خوبصورت پتہ:۔ مکتبۂ ادب اردو بازار دہلی۔

خواجہ صاحب نے کئی سال ہوئے مذکورہ بالا نام سے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اس عام خیال کی تردید کی گئی تھی کہ ہمارے بزرگ سراپا محاسن تھے اور ہم اُن کے اخلاف سرتاسر عیب و نقصان ہیں۔ پیرایۂ بیان تمثیل کا ہے۔ خواجہ صاحب کی یہ کتاب اتنی مقبول ہوئی کہ تھوڑی مدت میں ہی اس کے تین اڈیشن ختم ہوگئے اب مکتبۂ ادب نے اس کا چوتھا اڈیشن نسبتۃً زیادہ ٹیپ ٹاپ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ زبان وبیان۔ فصاحت و بلاغت، زورِ کلام اور جوشِ اظہار، روانی و بیاختگی اور عبارت کی سلاست و انسجام ان سب اوصاف کے لحاظ سے یہ کتاب اس زمانہ کا بہترین ادبی شاہکار ہے۔ امید ہے کہ ادب وزبان کا ذوق رکھنے والے اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے اور سچی قدر کریں گے۔

سرخ افسانے از اسرار احمد صاحب آزاد۔ تقطیع ۲۰x۲۶/۱۶ حجم ۲۸۸ صفحات طباعت وکتابت بہتر، قیمت تین روپیہ۔ پتہ نیا کتاب گھر اردو بازار دہلی۔